# 9234 ـ حرم میں اس کے پاس کچھ اشیاء رکھیں اور چھوڑ کرچلا گیا اسے کیا کرنا چاہیے

**سوال**

ایک حاجی نے حرم میں اس کےپاس مصلی رکھا اورکہنے لگا کہ میں طواف کرکے آرہا ہوں ، لھذا ظہر سے عشاء تک اس کا انتظار کیا لیکن وہ نہیں آیا تواس مصلے کا کیا کرنا چاہیے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

الحمدللہ

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمن رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا توان کا جواب تھا :

وہ اسے صدقہ کردے ۔

سوال : ؟

کیا یہ حرم کا لقطہ ( یعنی گمشدہ چیز ) ہے ؟

یہ کسی معین شخص کا ہوتا ہے اوروہ مجھول ہے ، لھذا اسے صدقہ کردیا جائے ، یہ حرم کے لقطہ کی مثل نہیں ، اس لیے لقطہ کے بارہ میں توعلم ہی نہیں ہوتا کہ وہ کس کا ہے ۔ واللہ تعالی اعلم ۔ .